Government of Pakistan
Cabinet Division
Special Technology Zones Authority

19 Jul 2022

PRESS RELEASE

سپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی اور بیجنگ میں پاکستانی سفارتخانے کی جانب سے منعقد کردہ پاکستان چین ٹیکنالوجی سرمایہ کاری کانفرنس میں چین کی 4500 سے زائد ٹیکنالوجی کمپنیوں نے شرکت کی۔

اسلام آباد: سپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی (STZA)، حکومت پاکستان، چین میں پاکستانی ایمبیسی اور Zhongguancun بیلٹ اینڈ روڈ انڈسٹریل پروموشن ایسوسی ایشن، چین نے مشترکہ طور پر پہلی چین پاکستان ٹیکنالوجی سرمایہ کاری کانفرنس کی میزبانی کی۔ کانفرنس میں چین کی 4500 سے زائد ٹیکنالوجی کمپنیوں نے شرکت کی جن میں سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارکس، ہائی ٹیک پروڈکشن انٹر پرائزز، ٹیکنالوجی کمپنیز، حکومت کی ملکیتی انفراسٹرکچر کمپنیز اور چین کی قومی، صوبائی اور میونسپل ایجنسیز شامل تھیں۔

یہ کانفرنس پاکستان چین کے مابین منعقد ہونے والی اپنی نوعیت کی سب سے بڑی کانفرنس تھی جس میں اتنی بڑی تعداد میں چین کی ٹیکنالوجی کمپنیوں نے شرکت کی۔ اس کانفرنس کا مقصد چین کے ساتھ تعاون کے فروغ سے پاکستان کے ٹیکنالوجی کے شعبے میں چینی سرمایہ کاری کی راہ ہموار کرنا اور اس شعبے میں چین کے تجربے سے استفادہ کرنا ہے۔

چین میں پاکستان کے سفیر معین الحق نے چینی سرمایہ کار کمپنیوں سے خطاب کرتے ہوئے دونوں ممالک کے مابین گہرے سفارتی تعلقات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ چین ٹیکنالوجی کے شعبے میں عالمی سطح پر اپنا ایک مقام رکھتا ہے اور پاکستان اور چین ٹیکنالوجی کے شعبے میں کثیر الجہتی شراکت داری قائم کر سکتے ہیں۔ پاکستانی سفیر نے پاکستان میں ٹیکنالوجی کے شعبے کی ترقی اور چینی ٹیکنالوجی کمپنیوں کے ساتھ موثر شراکت داری پر چیئرمین STZA اور انکی ٹیم کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔

جناب عامر ہاشمی، چیئرمین STZA نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں نالج ایکوسسٹم کے فروغ میں چین ہمارا سب سے بڑا شراکت دار ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایس ٹی زیڈ اے نے چینی ٹیکنالوجی کمپنیوں کی مدد کیلئے ایک خصوصی ڈیسک قائم کر رکھا ہے تاکہ چینی ٹیکنالوجی کمپنیوں اور لارج سکیل انٹر پرائزز کو پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے ہر ممکن سہولت فراہم کی جا سکے۔ پاکستان میں خصوصی ٹیکنالوجی زونز کی تعمیر ٹرپل ہیلکس ماڈل آف انوویشن کی بنیاد پر کی جا رہی ہے جس میں حکومت، سرمایہ کار اور تعلیمی شعبے سے وابستہ افراد مل کر کام کریں گے۔ چیئرمین STZA نے کانفرنس کے انعقاد کے سلسلے میں تعاون پر پاکستان میں چین کے سفیر کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور اعادہ کیا کہ چینی ٹیکنالوجی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں ہر ممکنہ سہولت فراہم کی جائے گی۔

کانفرنس میں اسلام آباد میں چین کے سفارتخانے کے نمائندےCao Zhouhua دی فرسٹ سیکرٹری آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نے بھی شرکت کی جنہوں نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک ٹیکنالوجی کے شعبے میں کئی حوالے سے تعاون کر رہے ہیں جس میں نالج شیئرنگ، زون ڈیویلپمنٹ، ریسرچ، پالیسی ڈیویلپمنٹ، پیشہ وارانہ افراد کی مشترکہ تربیت اور بین الاقوامی معیار کے مطابق سپیشل ٹیکنالوجی زونز کی مینجمنٹ شامل ہے۔

STZA کے سٹریٹیجک پلاننگ ڈائریکٹر حمزہ سعید اور کنزئی جو ایس ٹی زیڈ اے میں چین کیلئے مختص کردہ ڈیسک کے سربراہ بھی ہیں نے اس موقع پر شرکاء کو تفصیلی بریفنگ دی جس میں ٹیکس چھوٹ، ریگولیٹری سپورٹ اور ممکنہ سرمایہ کاروں کیلئے ون ونڈو سہولت شامل ہے۔ انہوں نے اس موقع پر شرکاء کو بتایا کہ اس وقت بھی چین کی بہت سی لارج سکیل کمپنیز کی درخواستیں زیر غور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی ٹیکنالوجی زونز کا قیام پائیدار ترقی کے اہداف کو حاصل کرنے کیلئے عمل میں لایا جا رہا ہے جسکی وجہ سے ان کا ڈیزائن ماحول دوست رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا اسلام آباد، لاہور اور ہری پور میں پہلے ہی خصوصی ٹیکنالوجی زونز کے قیام کا اعلان کیا جا چکا ہے جبکہ سندھ، بلوچستان، پنجاب، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور آزاد جموں وکشمیر میں بھی خصوصی ٹیکنالوجی زونز قائم کیے جائیں گے۔

Zhang Xiodong سربراہ ZBRA نے کہا چین میں ٹیکنالوجی کی ترقی کی وجہ سے گزشتہ 30 سالوں میں اس شعبے سے حاصل ہونے والی آمدن میں 2 ہزار گنا اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس شعبے میں مشترکہ تحقیق کیلئے چین اور پاکستان کی یونیورسٹیز کے مابین تعاون بہت اہمیت کا حامل ہے۔ زیڈ بی آر اے اور ایس ٹی زیڈ اے پاکستان میں خصوصی ٹیکنالوجی زونز کے قیام کیلئے تعاون کر رہے ہیں۔

جاوید اقبال چیف کمرشل آفیسر ایس ٹی زیڈ اے نے چینی ٹیکنالوجی کمپنیز، سرمایہ کاروں اور لارج سکیل انٹرپرائزز سے کہا کہ وہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے کیلئے STZA کی خصوصی آفرز سے استفادہ کریں۔ ایس ٹی زیڈ اے پاکستان میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور افرادی قوت کی ترقی کیلئے پرعزم ہے۔ بین الاقوامی شراکت داری اور معاہدوں کی بدولت سپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی پاکستان میں ٹیکنالوجی پر مبنی نالج اکانومی کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔